Home Economics - 10th Class Home Economics Urdu Medium Chapter 6 Preparation

Q1. قوس و قزح میںکتنے رنگ پائے جاتے ہیں؟

Ans 1: قوس و قزح میں سات رنگ پائے جاتے ہیں.

Q2. آرٹ کا مفہوم تحریر کریں.

Ans 1: آرٹ کے مفہوم میں چیزوں کی بناوٹ اس کے سائز اور ان کے رنگ و روپ سے لے کر انکی ترتیب و تشکیل تک پوشیدہ ہے.

Q3. افقی خطوط کی دو خصوصیات لکھیں.

Ans 1: افقی خطوط کی دو خصوصیات درج ذیل ہیں. 1. آرام و سکون کا تاثر دیتے ہیں. 2. ڈیزائن میںچوڑائی کے تاثرات پیدا کرتے ہیں.

Q4. خطوط کی خاصیت تحریر کریں.

Ans 1: خطوط کی خاصیت یہ ہوتی ہے کہ یہ نگاہوں کو ایک سرے سے دوسرے سرے تک لے جاتے ہیں اور بغیر کسی ٹھہراؤ یا رکاوٹ کے آگے بڑھنے میں معاونت کرتے ہیں.

Q5. مربع یا مستطیل نما وضع کن خطوط سے مل کر بنتی ہیں.

Ans 1: مربع یا مستطیل نما وضع عمودی اور افقی خطوط سے مل کر بنتی ہیں.

Q6. گھریلو آرائش میں توازن کتنے طریقوں سے پیدا کیا جاسکتا ہےنام لکھیں.

Ans 1: گھریلو آرائش میںتوازن تین طریقوں سے پیدا کیا جاسکتا ہے. 1.رسمی توازن. 2.غیر رسمی توازن . 3.گھومتا ہوا توازن.

Q7. ماحول کو خوبصورت بنانے کے لیے کون سے اقدامات اپنانے چاہیئے؟

Ans 1: اپنے گھر اور اردگرد کے ماحول کو خوبصورت بنانے کے لیے ہم اپنے گھروں میں آرائش کرتے ہیں. باغیچے میں گھاس اور خوبصورت پھول و درخت لگاتے ہیں. عوام کی سہولت کے لیے پارک'سڑکیں'دکانیں اور عمارتیں بنائی جاتی ہیں تاکہ اچھے ماحول سے تمام افراد مستفید ہو سکیں.

Q8. عمودی خطوط کےاستعمال کی چند مثالیں تحریر کریں.

Ans 1: عمودی خطوط کے استعمال کی چند مثالیں درج ذیل ہیں. 1. دروازے کے عمودی خطوط 2.پردے کے عمودی خطوط 3.عمودی رخ الماریاں 4.کمروں کے کونے پر عمودی خطوط.

Q9. آرائشی ڈیزائن سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: "کسی بنیادی ڈیزائن میں خوبصوری پیدا کرنے یا خوبصوری میں اضافے کے لیے اس کی سطح پر رنگوں اور خطوط وغیرہ کے امتزاج سے جو ہئیت کی جاتی ہے وہ اس کا سطحی یا آرائشی ڈیزائن کہلاتی ہے"

Q10. گھومتا ہوا توازن کیا ہے؟

Ans 1: گھومتا ہوا توازن میں دلکشی کا احساس ایک نقطے سے شروع ہو کر تمام اطراف پر برابر ہوتا ہے. اس سے نگاہ ایک مرکز پر رہنے کی بجائے ہر طرف گھومتی جاتی ہے. اس طرح کا توازن ہال کمروں اور کھلی جگہوں پر استعمال کیا جاتا ہے.